سوال

معصوم بچوں کو تکلیف کی وجہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

چھوٹے بچوں کو بیماری ام الصبیان وغیرہ کیوں آتی ہے ؟ ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دنیا میں بیماریوں اور تکلیفوں کا سلسلہ غیر معصوموں کے ساتھ خاص نہیں۔ چھوٹے بچے کیا حیوانات میں بھی جاری ہے۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ کبھی ان کی تکلیف دوسرے کی تکلیف کا باعث ہوتی ہے جیسے بچے یا مویشی کی تکلیف ماں باپ یا مالکوں کی تکلیف ہے اور کبھی ایک کی تکلیف دوسرے کی عبرت کا باعث بنتی ہے۔ اور بعض دفعہ اور فوائد بھی مد نظر ہوتے ہیں۔ جیسے انبیاء علیہم السلام اور نیک بندوں پر امتحانات آتے ہیں۔ تاکہ خدا کے محبوب ہونے کی وجہ سے کوئی یہ خیال نہ کرے کہ ان کو خدائی اختیارات مل گئے۔ نیز ان کی حالت دیکھ کر یہ سبق ملتا ہے کہ دنیا آرام کا گھر نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو خدا کے پیارے معصوم اس کے زیادہ اہل تھے۔ بعض دفعہ کوئی دوسرے اعمال سے ایک درجہ کو نہیں پہنچ سکتا۔ خدا مصیبت کے ذریعہ اس کو بڑے درجہ تک پہنچا دیتا ہے۔ چنانچہ احادیث میں صراحتہ آیا ہے۔ اسی طرح معصوموں کو بھی مصیبت کے عوض کچھ نہ کچھ ملے گا۔ بکریاں آپس میں بھڑ جائیں تو حدیث میں ان کے متعلق انصاف کا ذکر آیا ہے کہ جس نے زیادتی کی ہے اس سے دوسری کو بدلہ دیا جائے گا۔ اگر ماں باپ کی شامت اعمال بچہ کی تکلیف کا باعث بنی ہے تو ماں باپ کی نیکیوں میں ضرور کمی ہوگی اور بچہ کا درجہ اس سے بلند ہوگا یا خدا اپنے پاس سے بچہ کو راضی کردے گا۔

بہر صورت دنیا تکلیف کا گھر ہے اس میں دانہ دُنکہ کی طرح جو آٹا چکی میں پس گیا اگر اور تکالیف سے بچ گیا تو موت کے گھاٹ ضرور اترے گا۔ جو اس دار تکلیف کی آخری گھاٹی ہے۔ بلکہ انسان کا دنیا میں داخل ہونا ہی بڑی مصیبت کے ساتھ ہے۔ ماں کو دوروزہ کی اتنی تکلیف نہیں ہوتی جتنی بچہ کو ہوتی ہے۔ کیونکہ بچہ کا وجود ماں سے زیادہ نازک ہوتا ہے۔ غرض دنیا میں امتیاز نہیں اس لیے ایک دوسرا دن مقرر ہے۔ جس کا نام قیامت ہے اس دن امتیاز بھی ہوگا اور انصاف بھی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص160